پریس ریلیز

جنرل ہسپتال میں مریضوں کو معیاری طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں: پروفیسر فاروق افضل

مانیٹرنگ، فیڈ بیک اور ڈسپلن اداروں کی مضبوطی کی بنیاد ہیں: پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج

انتظامی ڈاکٹرز مریضوں کے مسائل کے ازالے کیلئے اوپن ڈور پالیسی پر عمل کریں

فیڈ بیک سے مریضوں کا اعتماد اور عملے کی کارکردگی میں اضافہ ہو گا: گفتگو

لاہور 20 اگست:...... پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج، جنرل ہسپتال، پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے کہا ہے کہ کسی بھی ادارے کی ترقی اور استحکام، مانیٹرنگ، فیڈ بیک اور ڈسپلن جیسے بنیادی اصولوں پر عملدرآمد کے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ لاہور جنرل ہسپتال میں مریضوں کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ان اصولوں پر سختی سے عمل کرایا جائے گا۔

اس امر کا اظہار انہوں نے ایل جی ایچ شعبہ ایمرجنسی کے دورے کے موقع پر انتظامی ڈاکٹرز اور مریضوں کے لواحقین سے گفتگو میں کیا۔ پرنسپل نے مختلف شعبوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور انتظامی ڈاکٹرز کو ہدایت کی کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات کی روشنی میں مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی کے علاوہ بہتر نگہداشت کو بھی یقینی بنایا جائے نیز مریضوں کے مسائل کے ازالے کیلئے اوپن ڈور پالیسی پر عمل کریں۔

پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے کہا کہ مسلسل مانیٹرنگ سے نہ صرف سروس ڈلیوری بہتر ہوتی ہے بلکہ مسائل کی بروقت نشاندہی اور حل بھی ممکن ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیڈ بیک سسٹم عملے کی کارکردگی میں بہتری اور مریضوں کے اعتماد میں اضافہ کرتا ہے، جبکہ ڈسپلن ادارے کے تمام شعبوں میں ہم آہنگی اور منظم کارکردگی کی ضمانت ہے۔

پرنسپل نے مزید کہا کہ لاہور جنرل ہسپتال کے تمام شعبہ جات میں شفافیت، پیشہ ورانہ رویے اور بہترین انتظامی حکمت عملی کو یقینی بنایا جائے گا، تاکہ مریضوں کو عالمی معیار کی طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے عملے پر زور دیا کہ مریضوں کی خدمت کو اولین ترجیح بنائیں اور ٹیم ورک کے ساتھ ادارے کو مزید مستحکم اور کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ پروفیسر فاروق افضل نے اعلان کیا کہ مریضوں کی بہتر نگہداشت، خوش اخلاق رویہ اور ڈسپلن کی پابندی کرنے والے ملازمین کی ہر ممکن حوصلہ افزائی کی جائے گی انہیں تعریفی اسناد سے بھی نوازا جائے گا۔

☆☆☆☆